FAIRFAX COUNTY PUBLIC SCHOOLS

SIS STUDENT INFORMATION SYSTEM

رازداری

## FCPS کا طالبعلم کا معلوماتی (SIS) والدین کے اکاؤنٹ کی رازداری کی پالیسی

اپنے SIS پیرنٹ اکاؤنٹ ایکسس سسٹم کے ذریعے، فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) حاضری، گریڈ اور طلباء سے متعلق دیگر معلومات تک الیکڑانک رسائی فراہم کرتے ہیں۔ یہ معلومات طلباء کے والدین، قانونی سرپرستوں اور دوسرے مجاز افراد کے استعمال کیلیئے مقصود ہوتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ FCPS قابل اطلاق قوانین، قواعدوضوابط، اور عدالتی احکامات کی رو سے SIS والدین کے رسائی اکاؤنٹ کے نظام تک رسائی بخشنے یا انکار کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ میں یہ بھی تصدیق کرتا ہوں کہ اپنے بچے کے اسکول کو ایسے مسائل کے بارے میں باخبر کروں گا جس کے نتیجے میں اپنے بچے کے ریکارڈ تک رسائی میں تبدیلی درکار ہو۔

طالبعلم کی فائل میں موجود رابطۂ معلومات اور کوئی عدالتی احکامات اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ طالبعلم کے ریکارڈز تک کون رسائی رکھتا ہے۔ SIS پیرنٹ اکاؤنٹ ایکسس سسٹم کے ذریعے طالبعلم کی معلومات تک رسائی کیلیئے یوزرنیم اور پاس ورڈ کو غیر مجاز افراد سے نہ بانٹیں۔ اس طرح کی غیر مجاز اشتراک کے نتیجہ میں ہونے والی ایسی معلومات تک غیر مجاز رسائی یا اس کے استعمال پر FCPS ذمہ دار نہ ہوں گے۔

SIS پیرنٹ اکاؤنٹ ایکسس تک رسائی حاصل کر کے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ مجھے درخواست پر بچے (بچوں) کی تعلیمی معلومات حاصل کرنے کا قانونی اختیار ہے اور میں جانتا ہوں کہ غلط معلومات جمع کرانے یا استعمال کے قواعد کی پیروی کرنے میں ناکامی کے نتیجہ میں استعمال کی مراعات سے دستبرداری ہو سکتی ہے۔

### رازدارانہ معلومات

یہ دولت مشترکہ ورجینیا کی پالیسی ہے کہ صرف درکار سہولت یا فائدہ پہنچانے کی ضروری حد تک، اپنے شہریوں کے حوالہ سے ذاتی معلومات کو حکومت کی طرف سے جمع کیا جائے گا؛ صرف مناسب معلومات جمع کی جائے گی؛ اور یہ کہ شہری معلومات کے جمع کرنے کی وجہ جان سکے گا اور اپنے ذاتی ریکارڈ کا معائنہ کرنے کا اہل ہو گا۔

یہ دستاویز وضاحت کرتی ہے کہ کیسے فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) اپنی ویب سائٹ پر معلومات اکٹھا کرتے ہیں اور کس کے ساتھ اور کن حالات میں FCPS اس معلومات کو بانٹنے کے اشتراک کرنے کے مجاز ہیں۔ درج ذیل سے FCPS کے موجودہ رازداری کے طرزعمل کی وضاحت مقصود ہے لیکن اسے معاہداتی عہد کے طور پر تعبیر نہ کیا جائے۔ FCPS بلاپیشگی اطلاع کے کسی بھی وقت، اپنی انٹرنیٹ کی رازداری کے پالیسی بیان میں ترمیم کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

### مجموعۂ معلومات

FCPS "جاننے کی ضرورت" کے اصول کی بنیاد پر معلومات اکٹھی کرتی ہے۔ یہ ویب سائٹ طلباء یا والدین سے سوشل سیکیورٹی نمبر، ڈرائیونگ لائسنس نمبر، بینک اکاؤنٹ نمبر یا کریڈٹ کارڈز نمبر جیسی حساس معلومات نہیں کرتی۔

I. اس سائٹ پر اکاؤنٹ کی رجسٹریشن کیلیئے ایکٹیویشن کوڈ اور مستند ای میل ایڈریس درکار ہے۔ ای میل ایڈریس آپ کا یکتا یوزرنیم ہو گا۔

II. بہت سی ویب سائٹس کی طرح، سائٹ ایڈیٹر بھی خودبخود عام معلومات حاصل کر سکتا ہے جو کہ سرور لاگ فائلز میں موجود آپ کے آئی پی ایڈریس، دیکھے گئے صفحے، اور آپ کے ملاحظہ کرنے کی تاریخ اور وقت جیسی معلومات ہے۔ یہ معلومات صرف داخلی مقاصد کیلیئے استعمال ہوتی ہے اور اسے کسی تیسرے فریق کو نہیں جاتا جب تک یہ قانونی طور پر درکار نہ ہو ورجینیا کے آزادی اظہار کے ایکٹ (Va FOIA) کے تحت، FCPS کے نیٹ ورک پر سرگرمیاں افشا ہونے سے مشروط ہیں۔

III. سائٹ آپ کی ای میل ایڈریس، نام یا فون جیسی فراہم کردہ ذاتی معلومات جمع کر سکتی ہے۔ ایسی معلومات آپ کی خصوصی آن لائن گذارشات کی بجاآوری کیلیئے جمع کی جاتی ہے. اگر آپ یہ ذاتی معلومات فراہم کرنے پر آمادہ نہیں تو آپ اس ویب سائٹس پر پیش کردہ بعض خدمتوں تک رسائی سے قاصر رہیں گے۔

IV. بعض ایپلی کیشنز میں، صارف کی معلومات کو "کوکیز" کے طور پر اکٹھی کی جاتی ہے جو واپس بھیجی جاتی ہے اور آپ کے ڈیوائس پر رکھ دی جاتی ہے۔ کوکیز FCPS کو وہ معلومات جمع کرنے کے قابل بناتا ہے جو آن لائن لین دین کرتے ہوئے آپ فراہم کرتے ہیں۔ صارف کی کوئی معلومات کوکیز سے اکٹھی نہیں کی جاتیں ماسوائے یہ خصوصی ایپلیکیشن کو چلانے کے لیئے درکار ہو۔ اگر آپ کے براؤزر کو کوکیز قبول کرنے کیلیئے وضع نہیں کیا گیا تو آپ اب بھی SIS پیرنٹ ایکسس ویب سائٹ تک دسترس حاصل کر سکتے ہیں لیکن آپ اس پر موجود بہت سی آن لائن ٹرانزیکشنز کو مکمل کرنے سے قاصر ہو سکتے ہیں۔

### آپ کی معلومات تک رسائی

SIS پیرنٹ اکاؤنٹ ایکسس ویب سائٹ، FCPS کے طابلعلم کی معلومات کے نظام کے ذریعہ پہلے سے جمع شدہ اور رکھی گئی معلومات سے مجاز صارفین کو جوڑتی ہے جو ان کے بچوں سے متعلق ہے، جو FCPS کے طلباء ہیں۔ آپ کی اور آپ سے متعلقہ اکٹھی کی گئی معلومات (جیسے آپ ای میل پتہ)، صرف آپ کو، FCPS کے مجاز اساتذہ اور اسکول کے عملہ کو دکھائی دے گی۔ وفاقی اور ورجینیا کے قابل اطلاق قوانین کے مطابق -- گورنمنٹ ڈیٹا کولیکشن اینڈ ڈیسمی نیشن پریکٹس ایکٹ اور ورجینیا فریڈم آف انفارمیشن ایکٹ ( Va FOIA) کے بشمول لیکن انہی تک محدود نہیں، FCPS اپنے ریکارڈز کی حفاظت کرتے ہیں۔ آپ کی معلومات تیسرے فریق کو دستیاب نہیں ہونا چاہیئے تاوقتیکہ (i) اس رازداری کی پالیسی سے دوسری صورت کیلیئے فراہم کی گئی ہو؛ (ii) آپ کی رضامندی کی گئی ہو۔ جیسا کہ آپ نے معلومات کی شراکت کیلیئے اجازت دینا یا نہ دینا۔ (iii) ہماری ویب سائٹ پر موجود سہولت کو تیسرے فریق سے تعامل رابطہ درکار ہو یا سہولت تیسرے فریق کی فراہم کردہ ہو جیسا کہ کوئی ایپلی کیشن سروس پرووائیڈر؛ (iv) قانونی کاروائی یا قانون نافذ کرنے کی تعمیل میں ہو؛ (v) یہ دریافت ہو کہ سائٹ کا استعمال، سائٹ ایڈیٹر کی پالیسی، سہولتوں کی شرائط، یا استعمال کے دیگر رہنما خطوط کی خلاف ورزی کرتا ہو یا سائٹ ایڈیٹر کے قانونی حقوق، نیٹ ورک کی سلامتی اور/یا املاک کی حفاظت کرنا، سائٹ ایڈیٹر معقول طور پر ضروری سمجھے۔
بصورت آپ دوسری ویب سائٹوں پر جانے کیلیئے اس ویب سائٹ پر دکھائے گئے لنکس کو استعمال کرنا پسند کرتے ہیں تو آپ کو ان سائٹوں پر شائع شدہ رازداری کی پالیسیوں کے مطالعہ کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

کیونکہ FCPS ایک عوامی ادارہ ہے، ہمارے پاس موجود معلومات Va FOIA کے تحت افشا ہونے کے تابع ہو سکتی ہے۔ تاہم، آپ کے طلباء کے تعلیمی ریکارڈز FERPA کے ذریعہ محفوظ رکھے جاتے ہیں اس لیئے Va FOIA کے تحت انکشاف ہونے سے مشروط نہیں ہیں۔ ہماری لاگ فائلوں میں ریکارڈ شدہ نیٹ ورک کی بعض سرگرمیاں فاش ہونے سے مشروط ہو سکتی ہیں۔

## سلامتی

صیغۂ راز، سالمیت اور ذاتی معلومات کی دستیابی کی حفاظت کیلیئے FCPS انتظامی، تکنیکی اور طبعی حفاظتی اقدامات لاگو کرتے ہیں اور اسے قائم رکھتے ہیں۔ اسی طرح ہم آپ سے ذاتی معلومات کے تحفظ کیلیئے حفظ ماتقدم کی پر زور تاکید کا تقاضا کرتے ہیں۔ ایسی حفاظتی تدابیر میں، وائرس سے تحفظ کا سوفٹ وئیر لگانا اور سسٹم کو اپ ڈیٹ کرنا، ایک ٹھوس پاس ورڈ چننا اور کبھی نہ بانٹنا، ڈیوائس کو لاک کرنا اور/یا ایپلی کیشن سے لاگ آؤٹ کرنا ور مشکوک لنکس کو کلک کرنے یا مشکوک فائلیں کھولنے سے اجتناب کرنا شامل ہو سکتے ہیں۔

## معلومات کی درستگی اور آپ کے حقوق

اس بات کو یقینی بنانے کیلیئے کہ معلومات اتنی درست اور رواں ہے جتنی معقول طور پر کارآمد ہے، اسکول

سسٹم کو SLS پیرنٹ اکاؤنٹ سسٹم کی پیش کردہ رسائی کو بہم پہنچانے کیلیئے، FCPS نے طریق کار قائم کیئے ہیں درستگی کی تصدیق کیلیئے، آپ کو ہر وہ ریکارڈ دیکھنے کا حق حاصل ہے جو آپ کے بارے میں FCPS کے پاس ہے۔ آپ اسکول سے رابطہ کر کے ایسا کر سکتے ہیں۔

### رازداری کی پالیسی میں تبدیلیاں

اس پالیسی میں وقتاً فوقتاً تبدیلیاں کی جا سکتی ہیں۔ یا تو اس ویب سائٹ پر ممتاز اعلامیہ لگانے کے ذریعے اور/یا آپ کے مہیا کردہ ای میل ایڈریس پر ایک یا زیادہ ای میل پیغامات بھیج کر، مجاز صارفین کو اس پالیسی میں اہم تبدیلیوں سے مطلع کیا جائے گا۔

### ریکارڈز کی رازداری

FCPS خاندانی تعلیمی حقوق اور 1974 کے ترمیم شدہ رازداری کے قانون پرائیویسی ایکٹ کے سیکشن 438، Publ.L 90-247 کی تعمیل کرتے ہیں۔ جو کہ تعلیمی ریکارڈز کی رازداری کے حق کے تحفظ کا انتظام کرنے والی لازم شرائط بیان فرماتا ہے اور والدین اور اہل طلباء کو ایسے ریکارڈز کے معائنہ کرنے کا حق مہیا کرتا ہے۔ مزید خصوصی معلومات کیلیئے "طالبعلم کے تعلیم ریکارڈ کی دیکھ بھال" ملاحظہ فرمائیے۔
http://www.fcps.edu/is/schoolcounseling/documents/ssrm.pdf .

### اظہار لاتعلقی

جہاں یہ رازداری کی پالیسی معلومات کی سالمیت کے معیارات پر مشتمل ہے اور جہاں ایسے معیارات پر پورا اترنے کیلیئے کوششیں کی جائیں گی، FCPS تمام صارفین کو آگاہ کرتے ہیں کہ ایسے عوالم ہو سکتے ہیں جو سائٹ ایڈیٹر کی معقول توقع یا قابو سے باہر ہوں اور جو معلومات کے افشا پر منتج ہوں۔ لہٰذا FCPS کی معلومات کی دیکھ بھال یا غیر انکشافی سے متعلق سائٹ ایڈیٹر کوئی وارنٹی یا گارنٹی پیش نہیں کر سکتا۔



Edupoint™
Copyright 2015 Edupoint, LLC©